۱۳ رَقَدَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَبُوْ مضاف نَایِکَ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل حَتّٰی حرف جار اَلصَّبَاحِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۴ اَلنَّاسُ مبتدا ذَهَبُوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل مِنْ حرف جار اَلسُّوْقِ مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو اول، اِلٰی حرف جار اَلْمَحَطَّۃِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۵ اَلْحَمْدُ مبتدا لام حرف جار کلمۂ جلالت مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا مستحق مقدر کا مستحق اسم مفعول اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۴ الصلوٰۃ مبتدا علےٰ حرف جار رسول مضاف کلمۂ جلالت مضاف الیہ
مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا نازلۃ
مقدر کا نازلۃ اسم فاعل اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے
فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۵ سألت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں ت ضمیر بارز مرفوع متصل
فاعل عن حرف جار اخی مضاف زید مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ
سے مل کر مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۶ قال فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت ذوالحال جل
فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب شان مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف
مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ
ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، لا تقتلوا فعل نہی صیغہ جمع مذکر
حاضر اسمیں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل اولاد مضاف کم ضمیر مجرور
متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، خشیۃ مضاف
املاق مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول لہ، فعل اپنے
فاعل، مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ اول نحن
ضمیر مرفوع منفصل مبتدا نرزق فعل مضارع صیغہ جمع متکلم اس میں نحن
کی ضمیر پوشیدہ فاعل کم ضمیر منصوب متصل معطوف علیہ واؤ حرف عطف ایاھم
ضمیر منصوب منفصل معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ، فعل

اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر
جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مقولہ سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(ترجمہ)

وَاللّٰہِ لَاَقْرَءَنَّ الْقُرْآنَ ۔ ۱ خدا کی قسم میں ضرور قرآن پڑھوں گا

زَیْدٌ کَالْاَسَدِ فِی الشَّجَاعَۃِ ۔ ۲ زید بہادری میں شیر کی طرح ہے

سَئَلْتُ زَیْدًا عَنِ الْوَھَّابِیِّیْنَ ۔ ۳ میں نے زید سے وہابیوں کے بارے میں پوچھا

اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ رَسُوْلَنَا خَاتَمَ الْاَنْبِیَاءِ ۔ ۴ بیشک اللہ نے ہمارے رسول کو آخری نبی بنایا

مَا مَعْنٰی خَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ ؟ ۵ خاتم الانبیاء کا معنی کیا ہے ؟

مَعْنَاہُ آخِرُ الْاَنْبِیَاءِ ۔ ۶ اس کا معنی آخری نبی ہے

اِنَّ اللّٰہَ یُظْھِرُ رُسُلَہٗ عَلَی الْغَیْبِ ۔ ۷ بیشک اللہ اپنے رسولوں کو غیب پر آگاہ کر دیتا ہے

اِنَّ نَبِیَّنَا (صلی اللہ علیہ وسلم) مُظْھَرٌ عَلَی الْغَیْبِ ۔ ۸ بے شک ہمارے نبی غیب پر مطلع ہیں

مَنْ جَعَلَ الْاَنْبِیَاءَ عَالِمِیْنَ بِالْغَیْبِ ؟ ۹ انبیاء کرام کو کس نے غیب کا عالم بنایا

اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَھُمْ عَالِمِیْنَ بِالْغَیْبِ ۔ ۱۰ بیشک اللہ نے ان کو غیب کا عالم بنایا

أَھٰذَا فِیْ قُدْرَۃِ اللّٰہِ ۔ ۱۱ کیا یہ اللہ کی قدرت میں ہے

نَعَمْ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ ۱۲ ہاں! بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِ الْکُفَّارِ الْمُعَانِدِیْنَ ۔ ۱۳ اللہ نے سرکش کافروں کے دلوں پر مہر لگا دی ہے

فَضَّلَ اللّٰہُ نَبِیَّنَا عَلٰی جَمِیْعِ الْمُرْسَلِیْنَ ۔ ۱۴ اللہ نے ہمارے نبی کو تمام رسولوں پر فضیلت دی

اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ ۔ ۱۵ بیشک اللہ نے زمین پر حرام کر دیا کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے

فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُرْزَقُ فِیْ قَبْرِہٖ ۔ ۱۶ پس اللہ کے نبی اپنی قبر میں زندہ ہیں رزق دیئے جاتے ہیں

هل تتمكّن من التكلم بالعربية	۲۵	کیا تو عربی میں بات کرسکتا ہے
نعم أتمكّن من التكلّم بالعربية	۲۶	ہاں! میں عربی میں بات کرسکتا ہوں
اجتنبوا صحبة صاحب البدعة حتى الإمكان	۲۷	تم بدمذہب کی صحبت سے حتی المقدور بچو
ما ترجمة صاحب البدعة بالأردوية	۲۸	صاحب بدعۃ کا اردو میں ترجمہ کیا ہے
ترجمته بالأردوية "بدمذهب"	۲۹	اس کا ترجمہ "بدمذہب" ہے
سألتُ زيدًا القرطاس للكتابة	۳۰	میں نے زید سے لکھنے کیلئے کاغذ مانگا
لم يتمكّن زيد من الذهاب إلى السوق	۳۱	زید بازار نہ جاسکا
متى تذهب إلى مكّة المعظّمة	۳۲	تو مکہ معظمہ کب جائے گا
في الدار ولد	۳۳	گھر میں ایک لڑکا ہے
السلام عليكم	۳۴	تم سب پر سلامتی ہو

ترکیب

۱ واو حرف جر برائے قسم (الله) کلمۂ جلالت مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا اُقسم کا، اُقسم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ لاقرأنّ لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل القرآن مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ (انشائیہ) جواب قسم ہوا۔

۲ زیدٌ مبتدا کَ حرف جار الاسد مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا ثابتٌ مقدر کا ثابتٌ اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل فی حرف جار الشجاعة

مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا ثابتٌ مقدر کا ثابتٌ اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳ سئلتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل زیدًا مفعول بہ عن حرف جار الوھابیّ مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴ انّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم جَعَلَ فعل ماضی معروف اسمیں ھو ضمیر مرفوع متصل فاعل رسولنا میں رسول مضاف نا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ اول، خاتم مضاف الانبیاء مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۵ ما اسم استفہام مبتدا معنیٰ مضاف خاتم مضاف الیہ مضاف، الانبیاء مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا معنی مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

۶ معناہ میں معنی مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا آخر مضاف الانبیاء مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۷ انّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم یطلع فعل مضارع معروف اسمیں ھو ضمیر پوشیدہ فاعل رسلہ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، علیٰ حرف جار الغیب مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو

فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۸ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل نَبِیَّ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم مُظْهِر اسم مفعول اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل عَلٰی حرف جار اَلْغَيْب مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۹ مَنْ اسم استفہام مبتدا جَعَلَ فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْاَنْبِيَاء مفعول بہ اول عَالِمِيْن اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اسمیں ھم ضمیر پوشیدہ فاعل بِالْغَيْب جار مجرور ہو کر ظرف لغو، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر، مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۰ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم جَعَلَ فعل ماضی معروف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل ھُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول عَالِمِيْن اسم فاعل اسمیں ھم کی ضمیر پوشیدہ فاعل بِ حرف جار اَلْغَيْب مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مفعول بہ دوم، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۱ اَ ہمزہ استفہام هٰذَا اسم اشارہ مبتدا فِیْ حرف جار قَلْب مضاف کلمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور سے

مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت مقدر کا ثَابِتٌ اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۲ نَعَمْ حرف ایجاب اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم عَلٰی حرف جار کُلّ مضاف شَیْءٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ہوا قَدِیْر کا قَدِیْر صفت مشبہ اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۳ خَتَمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت فاعل عَلٰی حرف جار قُلُوْب مضاف اَلْکُفَّار موصوف اَلْمُعَانِدِيْن اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اسمیں ھم کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۴ فَضَّلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت فاعل نَبِیّ مضاف نَا ضمیر، مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ عَلٰی حرف جار جَمِيْع مضاف اَلْمُرْسَلِيْن مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۵ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اس کا اسم حَرَّمَ فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰی حرف جار اَلْاَرْض مجرور، جار مجرور مل کر

ظرف لغو، آن حرف ناصب مصدریہ تاکل فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ فاعل اجساد مضاف الانبیاء مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر تباویل مصدر مفعول بہ، فعل ماضی اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۶ فانبیہ نبی مضاف کلمۂ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، حی شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر موصوف یرزق فعل مضارع مجہول اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل فی حرف جار قبر مضاف ہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو فعل مضارع مجہول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۷ علی حرف جار من اسم استفہام مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو مقدم تقرء فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ع۱۸ اقرء فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل علی حرف جار ابی مضاف زید مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۹ ھذا الولد اسم اشارہ مشار الیہ سے مل کر مبتدا یقرء فعل مضارع بافعل علی حرف جار ذالك المولوی اسم اشارہ مشار الیہ مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل مضارع اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲۰ السلام مبتدا علی حرف جار ك ضمیر مجرور متصل مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا نازل مقدر کا نازل اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (یارسول اللہ کی ترکیب گذر چکی ہے)

ع۲۱ زید مبتدا یتمکن فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل من حرف جار الخطابة مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲۲ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا عالم اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل بالادویة جار مجرور مل کر ظرف لغو، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲۳ ان حرف مشبہ بالفعل ي ضمیر متکلم اس کا اسم لا اتمکن فعل مضارع منفی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل من الاغتسال جار مجرور مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۲۴ اذ اسم ظرف مفعول فیہ مقدم انا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا علیل

صفت مشبہ اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۲۵ ھل حرف استفہام تتمکن فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل من حرف جار التکلم مصدر بالعربیۃ جار مجرور مل کر ظرف لغو، مصدر اپنے ظرف لغو سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل مضارع اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۲۶ نعم حرف ایجاب اتمکن فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل من حرف جار التکلم مصدر بالعربیۃ جار مجرور مل کر ظرف لغو مصدر اپنے ظرف لغو سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل مضارع اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۷ اجتنبوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل مصٰحبۃ مضاف صاحب مضاف الیہ مضاف، البدعۃ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا صحبۃ مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ حتی حرف جار الامکان مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل امر اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

۲۸ ما اسم استفہام مبتدا ترجمۃ مصدر مضاف صاحب البدعۃ مضاف الیہ، بالاردویۃ جار مجرور مل کر ظرف لغو، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۲۹ ترجمتہ مصدر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ بالاردویۃ جار مجرور مل کر ظرف لغو، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور ظرف لغو سے مل کر مبتدا،

بد مذھب خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳۰ مشکلت فعل با فاعل زیدًا مفعول بہ اول القرطاس مفعول بہ دوم للکتابۃ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۱ لم یتمکن فعل مضارع مجزوم زیدٌ فاعل من حرف جار الذھاب مصدر مجرور الی حرف جار الشوق مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، مصدر اپنے ظرف لغو سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۲ متی اسم ظرف مفعول فیہ مقدم تذھب فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت کی ضمیر پوشیدہ فاعل الی حرف جار مکۃ موصوف المعظمۃ اسم مفعول اسمیں ھی کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول فیہ مقدم اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۳۳ فی الدار جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا موجودٌ کا موجودٌ اسم مفعول اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم ولدٌ مبتدا موخر، مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳۴ السلام مبتدا علی حرف جار کم ضمیر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا نازلٌ کا نازلٌ اسم فاعل اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل،

اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حروفِ عاطفہ (ترجمہ)

ضَرَبْتُ زَیْدًا وَبَکْرًا	۱	میں نے زید اور بکر کو مارا
جَعَلَہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ غَنِیًّا	۲	اللہ اور اسکے رسول نے اسکو مالدار بنادیا
جَلَّ شَانُہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	۳	اس کی شان عظیم ہے اور اللہ کا درود و سلام ہو ان پر
اَرْسَلْتُ اِلَیْکَ مَجَلَّۃً وَکِتَابًا	۴	میں نے تیرے پاس ایک رسالہ اور کتاب بھیجا
صَدَّرَ زَیْدٌ وَخَالِدٌ جَرِیْدَۃً	۵	زید اور خالد نے ایک اخبار جاری کیا
قُتِلَ زَیْدٌ ثُمَّ بَکْرٌ	۶	زید قتل کیا گیا پھر بکر
بَسْمَلَ اَبُوْخَالِدٍ فَاَکَلَ	۷	خالد کے باپ نے بسم اللہ کرکے کھایا
اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ	۸	بیشک اللہ نے جنات اور انسان کو پیدا کیا
اَلنَّاسُ سَلَّمُوْا عَلٰی زَیْدٍ وَمَحْمُوْدٍ	۹	لوگوں نے زید اور محمود کو سلام کیا

رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا ۱۰ اے ہمارے رب ہم پر صبر انڈیل اور ہمارے قدم ثابت رکھ

اَیُّ شَیْءٍ بِیَدِكَ ؟	۱۱	تیرے ہاتھ میں کون سی چیز ہے؟
بِیَدِیْ قَلَمٌ	۱۲	میرے ہاتھ میں ایک قلم ہے
ذَهَبَ زَیْدٌ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ الْمُنَوَّرَۃِ	۱۳	زید مدینہ منورہ گیا
مَا مَعْنٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؟	۱۴	رب العلمین کا معنی کیا ہے؟
مَعْنَاہُ "سارے جہان کا مالک"	۱۵	اس کا معنی "سارے جہان کا مالک" ہے
یَا نَبِیَّ اللّٰہِ عَلَیْكَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ	۱۶	اے اللہ کے نبی! آپ پر درود و سلام ہو

ترکیب

۱ ضربت فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل زیداً معطوف علیہ واؤ حرف عطف بکراً معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲ جعل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے حال ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول کلمہ جلالت معطوف علیہ واؤ حرف رسول مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فاعل غنیاً صفت مشبہ اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مفعول بہ دوم، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳ جلّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب شانُ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ صلّٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمہ جلالت ذوالحال تعالٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل علیہ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ الثانیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حرف عطف سلّم فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

ٹ اَرسَلْتُ فعل ماضی با فاعل اِلَیْکَ جار مجرور مل کر ظرف لغو، بِجُلْدٍ وَکِتَابٍ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ٹ صَدَقَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ وَخَالِدٌ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فاعل۔ خَبَرَ یَدِکَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ٹ قُتِلَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف بَکْرٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ٹ بَسَمَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَبُوخَالِدٍ مضاف، مضاف الیہ مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَا حرف عطف اَکَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

ٹ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم خَلَقَ فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْجِنَّ وَالْاِنْسَ حسب سابق معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ٹ اَلنَّاسُ مبتدا سَلَّمُوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل عَلٰی حرف جار زَیْدٍ وَمَحْمُوْدٍ حسب سابق معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے

فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ٹ رَبَّنَا مضاف، مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ہوا اَدْعُوْ فعل مقدر کا اَدْعُوْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اَفْرِغْ فعل امر حاضر معروف اسمیں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل عَلَیْنَا جار مجرور مل کر ظرف لغو، صَبْرًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حرف عطف ثَبِّتْ فعل امر حاضر معروف اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل اَقْدَامَنَا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

ٹ اَیْ مضاف شَیْءٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا بِ حرف جار یَدِکَ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدٌ کا مَوْجُوْدٌ اسم مفعول اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

ٹ بِیَدِیْ میں بِ حرف جار یَدِیْ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدٌ کا مَوْجُوْدٌ اسم مفعول، اسمیں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم متکلم مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۷ ذَهَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ فاعل اِلٰی حرف جار الْمَدِیْنَۃِ موصوف الْمُنَوَّرَۃِ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل ماضی اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ع۸ مَا اسم استفہام مبتدا مَعْنٰی مضاف رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مراد اللفظ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ع۹ معناہ بترکیب اضافی مبتدا سارے جہان کا مالک مراد اللفظ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۰ یا نبی اللہ کی ترکیب گذر چکی ہے)۔ عَلَیْکَ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا نَازِلَۃٌ مقدر کا نَازِلَۃٌ اسم فاعل اسمیں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم الصَّلٰوۃُ معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَلسَّلَامُ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتدائے مؤخر، مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(کلمات شرط وظرف) ترجمہ

اِنْ ضَرَبْتَنِیْ ضَرَبْتُکَ	ع۱	اگر تو مجھے مارے گا تو بھاگوں گا
لَوْ قَرَأَ الصَّبِیُّ لَسَبَقَ	ع۲	اگر بچہ پڑھتا تو آگے بڑھ جاتا
لَمَّا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ الْمَجِیْدَ اَکْرَمْتُکَ	ع۳	جب تو قرآن مجید پڑھیگا تو میں تیری عزت کرونگا
اِذَا ذَهَبْتَ اِلَی السُّوْقِ ذَهَبْتُ اِلَی الْفُنْدُقِ	ع۴	جب تو بازار جائیگا تو میں ہوٹل جاؤں گا
اِنْ تَضْرِبْ زَیْدًا اَضْرِبْکَ	ع۵	اگر تو زید کو ماریگا تو میں تمہیں ماروں گا

اِنْ شَرِبْتَ الشَّاىَ شَرِبْتُ اللَّبَنَ ع۶ اگر تو چائے پیے گا تو میں دودھ پیوں گا

اَضْرِبُکَ اِنْ دَخَّنْتَ السِّجَارَ ع۷ میں تجھے ماروں گا اگر تو سگریٹ پیے گا

اِنْ تَرَکَ زَیْدٌ الصَّلٰوۃَ فَاِنِّیْ اُعَاقِبُہٗ ع۸ اگر زید نماز چھوڑیگا تو میں اسے سزا دونگا

بَکْرٌ وَصَلَ اِلَی الْمَسْجِدِ اِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ع۹ بکر مسجد پہونچا جبکہ سورج طلوع ہوا

مَتٰی یَنْعَقِدُ الْاِحْتِفَالُ السَّنَوِیُّ ع۱۰ سالانہ اجلاس کب منعقد ہوگا؟

ضَرَبَنِیْ ثَمَّ زَیْدٌ ع۱۱ مجھ کو زید نے وہاں مارا

اَذْهَبْتُ زَیْدًا حَیْثُ اَشْرَبَنِی الشَّاىَ ع۱۲ میں زید کو وہاں لے گیا جہاں اس نے مجھے چائے پلائی

اُتَرْجِمُ الْقُرْاٰنَ بِتَوْفِیْقِ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ع۱۳ میں اللہ رب العلمین کی توفیق سے قرآن کا ترجمہ کروں گا

ترکیب

ع۱ اِنْ حرف شرط ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل نون وقایہ کی یَا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، ضَرَبْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز متصل فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۲ لَوْ حرف شرط قَرَأَ فعل ماضی معروف الصَّبِیُّ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط لام جوابیہ سَبَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اسمیں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

ع۳ لَمَّا حرف شرط قَرَأْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اسمیں تَ ضمیر بارز فاعل الْقُرْاٰنَ موصوف الْمَجِیْدَ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ

ہوکر شرط، اکرمتک فعل ماضی اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۶ اِذَا حرف شرط ذَھَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل اِلَی السُّوْقِ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، ذَھَبْتَ فعل ماضی با فاعل اِلَی الْعَنْدَقِ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۷ اِنْ حرف شرط تَضْرِبْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل زَیْدًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، اَضْرِبْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اسمیں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ فاعل کَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۸ اِنْ حرف شرط شَرِبْتَ فعل ماضی با فاعل الشَّایَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، شَرِبْتَ فعل ماضی با فاعل اللَّبَنَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۹ اَضْرِبُ فعل مضارع معروف صیغہ متکلم اسمیں انا کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزائے مقدم اِنْ حرف شرط دَخَلْتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز متصل فاعل السُّجَّارَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل

اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط مؤخر شرط اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۱۰ اِنْ حرف شرط تَرَکَ فعل ماضی معروف زَیْدٌ فاعل الصَّلٰوۃَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، فا جزائیہ اِنَّ حرف مشبہ بفعل یْ ضمیر منصوب اسم اُعَاقِبُ فعل مضارع متکلم اسمیں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر، حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ع۱۱ سَکَنْ مبتدا وَصَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل اِلَی الْمَسْجِدِ جار مجرور مل کر ظرف لغو اِذْ ظرف زماں مضاف طَلَعَتْ فعل ماضی معروف الشَّمْسُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ع۱۲ مَتٰی ظرف زمان مفعول فیہ مقدم یَنْعَقِدُ فعل مضارع معروف، الاجتماع موصوف السَّنَوِیُّ اسم منسوب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ع۱۳ بَنٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ کی یْ

متکلم کی مفعول بہ ثَمَّ مفعول فیہ زیدٌ فاعل، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۲ اذھبتُ فعل ماضی معروف اسمیں تُ ضمیر بارز فاعل زیداً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

حَیثُ ظرف مکان مفعول فیہ مقدم آتنی مبنی فعل ماضی معروف اسمیں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل نون وقایہ کی ی مفعول بہ اول الشای مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

۱۳ استوجم فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ فاعل، القرآن مفعول بہ، بِ حرف جار توفیق مصدر مضاف والله لفظ جلالت موصوف ربّ مضاف العٰلمین مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور مل ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

(ترجمہ)

دَعْ زَیداً یَلعَبُ	۱	زید کو کھیلنے دو
دَعِ الوِلدَانَ یَقرَؤُ	۲	لڑکوں کو پڑھنے دو
ھَلْ دَرَستَ ھِدَایَۃَ النحو	۳	کیا تو نے ہدایت النحو پڑھی
مَا دَرَستُھَا اِلیٰ الآن	۴	میں نے اب تک اسے نہیں پڑھی
قَدْ دَرَسَ زَیدٌ مِیزَانَ الصَّرف	۵	زید میزان الصرف پڑھ چکا ہے

اَلطَّلَبَۃُ یَقرَؤُنَ فَیضَ الاَدَبِ لِبَکرٍ	۶	طلبہ بکر سے فیض الادب پڑھتے ہیں
مَا اِسمُ مَدرَسَتِکَ؟	۷	تمہارے مدرسہ کا نام کیا ہے؟
اِسمُ مَدرَسَتِی فَیضُ الرَّسُول	۸	میرے مدرسہ کا نام فیض الرسول ہے
لِمَ ضَرَبتَ الصَّبِیَّ؟	۹	تو نے بچہ کو کیوں مارا؟
وِلدَانُ زَیدٍ یَدرُسُونَ بَہارِ شَرِیعَت	۱۰	زید کے لڑکے بہار شریعت پڑھتے ہیں
عَمَّ یَسئَلُ زَیدٌ؟	۱۱	زید کس چیز کے بارے میں پوچھتا ہے
رَکِبتُ دَرَّاجَۃَ اَبِی خَالِدٍ	۱۲	میں خالد کے باپ کی سائکل پر سوار ہوا
سَئَلتُ زَیداً عَن اَمرٍ کَانَ یَتَکَلَّمُہٗ	۱۳	میں نے زید سے اس چیز کے بارے میں پوچھا
اَلنَّاسُ قَدِمُوا مُبتَسِمِینَ	۱۴	لوگ مسکراتے ہوئے آئے۔
اَلحُجَیۃُ تَرَاءُ عَلِیٍّ دَعَا؟	۱۵	ہر جمعہ دعا کی جگہ ہے

ترکیب

۱ دَعْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل زیداً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر شرط یلعبْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

۲ دَعْ حسب سابق فعل امر با فاعل الولدان مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر شرط یقرؤا فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز متصل فاعل، فعل اپنے فاعل سے

مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

۳۴ هَلْ حرف استفہام دَرَسْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل هِدَايَةَ النَّحْوِ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۳۵ مَا دَرَسْتَ فعل ماضی منفی معروف اس میں تَ ضمیر بارز فاعل هَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اِلَى الْآنَ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۶ قَدْ برائے تحقیق دَرَسَ فعل ماضی معروف زَيْدٌ فاعل مِيزَانَ الصَّرْفِ مفعول بہٗ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۷ اَلطَّلَبَةُ مبتدا يَعْتَذِرُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل فَيْضَ الْاَدَبِ مفعول بہ عَلَى بَحْثٍ جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳۸ مَا اسم استفہام مبتدا اسم مضاف مِلْءُ رِسَالَتِكَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۳۹ اِسْمُ مضاف رِسَالَتِي مضاف الیہ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا فَيْضُ الرَّسُوْلِ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۴۰ لِمَ برائے سوال از علت ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل الصَّبِيَّ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۴۱ وَلَدَا اِنَّ مضاف زَيْدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا يَدْرُسُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واؤ ضمیر بارز متصل فاعل جَبَارِ شَرِيْعَتَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۴۲ عَمَّ عَنْ حرف جار مَا استفہامیہ مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو مقدم يَسْئَلُ فعل مضارع معروف زَيْدٌ فاعل، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

۴۳ رَكِبَتْ فعل ماضی معروف با فاعل دَرَّاجَةَ مضاف اَبِي مضاف الیہ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا دَرَّاجَةَ مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴۴ سَئَلْتُ فعل ماضی با فاعل زَيْدًا مفعول بہ عَنْ حرف جار اَمْرٍ موصوف كَانَ فعل ناقص ماضی معروف اسمیں هُوَ کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ اس کا اسم يَعْلَمُ فعل مضارع معروف اس میں هُوَ کی ضمیر مرفوع فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، كَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور ظرف لغو

سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۴ النَّاسُ مُتَبَاتِـلُـهُـوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل ذوالحال مُتَبَیِّنِیْنَ اسم فاعل اس میں ھُمْ کی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۵ الحمیۃ مبتدا رَاسُ مضاف کُلّ مضاف الیہ مضاف دَوَآءٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا رَاسُ مضاف کا، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رُوِیَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ عِلْمٍ لَا یُنْتَفَعُ بِهٖ كَمَثَلِ كَنْزٍ لَا یُنْفَقُ مِنْهُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس علم کی مثال جس سے فائدہ نہ اٹھایا جائے اس خزانہ کی طرح ہے جس سے راہِ خدا میں خرچ نہ کیا جائے۔

حدیث نوری

تم جان لو کہ اللہ جل شانہٗ ازلی اور ابدی ہے۔ اس کے وجود کیلئے نہ ابتدا ہے اور نہ انتہا۔ اور رہا عالم تو اس کا سب نو پید ہے۔ اس میں کا کچھ بھی پہلے

سے موجود نہ تھا۔ بلکہ ان میں کا ہر ایک اس کے بعد ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے بنایا۔ تو جب اللہ نے دنیا کو بنایا چاہا تو نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کو تمام چیزوں سے پہلے پیدا فرمایا۔ پھر نور محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہر چیز کو پیدا فرمایا۔ بایں طور کہ نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شعاع کو کئی حصے میں تقسیم فرمایا۔ اور اس سے قلم، لوح، عرش، اور کرسی وغیرہ کو پیدا فرمایا۔ پس ہمارے نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کی سب سے پہلی مخلوق ہیں۔

اور اب میں چاہتا ہوں کہ تمہیں حدیث نوری سناؤں۔ اور وہ بہت لمبی ہے اور میں یہاں اس میں سے تھوڑی نقل کر رہا ہوں۔ عبدالرزاق بن ہمام نے صحابیٔ رسول حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ حضور پر قربان آپ مجھے سب سے پہلی چیز کے بارے میں بتلایئے جس کو اللہ تعالیٰ نے سب چیزوں سے پہلے پیدا فرمایا۔ فرمایا اے جابر! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔ پھر وہ نور جہاں اللہ نے چاہا قدرت کے ساتھ دورہ کرتا رہا۔ اور اس وقت نہ لوح تھا نہ قلم، نہ جنت نہ دوزخ، نہ فرشتہ نہ آسمان، نہ سورج نہ چاند، نہ جن نہ انسان، پس جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ مخلوق کو پیدا کرے تو اس نور کو چار حصے میں تقسیم کیا۔ تو پہلے حصہ سے قلم کو پیدا کیا اور دوسرے سے لوح کو اور تیسرے سے عرش کو پھر چوتھے حصہ کو چار حصوں میں تقسیم کیا ـــــ پس پہلے سے عرش کے اٹھانے والے فرشتوں کو پیدا فرمایا اور دوسرے سے کرسی کو اور تیسرے سے باقی فرشتوں کو۔ پھر چوتھے حصے کو چار حصوں میں تقسیم کیا اور پہلے سے آسمان کو پیدا کیا اور دوسرے سے زمینوں

کیا ہے۔ عبدالرزاق کی روایت کی طرح۔ اور اس کو قبولیت کے ساتھ بڑے بڑے

علماءِ اسلام نے لیا ہے۔ اور اس پر اعتماد کیا ہے۔ اور وہ امام قسطلانی، امام ابن حجر مکی، علامہ زرقانی، علامہ فاسی اور شیخ عبدالحق دہلوی وغیرہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی قبروں کو نور سے بھر دے (آمین)

محمد الیاس مصباحی

شب ۲۹ رجب المرجب ۱۴۱۱ھ   ۱۳ ۲/۹۱ء

(قابل مطالعہ کتابیں)

(۱) عربی مضامین اولیٰ و دوم (۲) شمع خطابت

(۳) بزم خطابت (۴) نورالادب